© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرہ

(نوٹ) : چند چھوٹے چھوٹے رسالے تبصرہ کے لئے موصول ہوئے ہیں، ایسے چھوٹے رسائل پر تبصرہ کرنا نہایت دشوار ہے کہ غیر تحقیقی رسائل پر تبصرہ تحریر کرنا اس ماہنامے کے مقاصد میں نہیں، البتہ بعض رسالے جو کسی وجہ سے اہمیت کے حامل ہیں ضرور قابل توجہ ہیں۔

اس ماہ کتب خانۂ اشاعۃ الکتاب و السنۃ گلی نمبر ۱ بنس روڈ، کراچی۔ ۱ سے حسب ذیل دو رسالے تبصرہ کے لئے موصول ہوئے:

## ۱۔ محشی و عکسی سولہ سورہ مترجم

کتابت و طباعت دیدہ زیب، ہدیہ تین روپے، صفحات ۱۰۸ - ترجمہ پرانے طرز کا، حواشی شاہ عبدالقادر رحمۃاللہ علیہ کی تفسیر موضح القرآن اور فوائد ستاریہ سے ماخوذ ہیں - جیسا کہ نام سے ظاہر ہے سولہ سورتوں کا مجموعہ برائے ورد و وظیفہ تیار کیا گیا ہے، افسوس کا مقام ہے کہ مرتب نے قرآن حکیم کی ترتیب کا خیال نہیں رکھا ہے، چنانچہ ترتیب یہ ہے: فاتحہ، یسین ۳۶، فتح ۴۸، رحمن ۵۵، واقعہ ۵۶، دخان ۴۴، سجدہ ۳۲، مزمل ۷۳، کہف ۱۸، نبا ۷۸، نازعت ۷۹، ملک، کافرون، اخلاص، فلق، ناس، آخر میں درود،

ایسے مجموعوں سے ڈر ہے کہیں کم علم والے اور غیر مسلم یہ یقین نہ کرنے لگیں کہ قرآن کی ترتیب غیر ضروری ہے - بعض غیر مسلم مترجمین نے ترتیب کے خلاف نزولی ترتیب کے مطابق اپنے ترجمے چھاپے ہیں، ترتیب نزولی پر اصرار کرنا درحقیقت امت مسلمہ میں افتراق و تشتت کو ہوا دینا ہے۔ اللہ تعالی ہم مسلمانوں کو اعداء اسلام کے شر سے محفوظ رکھے، آ...

© rasailojaraid.com